Overseas Pakistanis' Bungalows
Residents' Welfare Association

Reg No. DSW(564)K

OPBRWA/006/LH/REV-1

CIRCULAR No. 128
12-August-2023

# خاص جنرل باڈی اجلاس برائے تبدیلی آئین کی تفصیلات:

مورخہ 6 اگست 2023 بروز اتوار بوقت 9:30بجے بمقام Hپارک و اسپورٹس گراؤنڈ میں خاص جنرل باڈی اجلاس منعقد کیا گیاجسمیں 131 ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جسکی سعادت حیدر صدیقی کو حاصل ہوئی۔
عمیر بیگ صاحب نے صدر جناب فرحت علی خان کی اجازت سے کاروائی کا آغاز کیا اور ممبران کو ایسوسی ایشن کے آئین میں موجودہ اور تبدیل شدہ شق کو ایک ایک کرکے نہ صرف سنایا بلکہ اسکرین پر بھی اسکو دکھایا۔
کچھ ممبران نے اس کاروائی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور ایک سیر حاصل بحث کے بعد کچھ تبدیلیوں میں نہ صرف ردوبدل کروایا بلکہ کچھ شقوں کی تبدیلی کو مسترد بھی کیا جسکو کثرت رائے سے منظور کیا گیا۔
اسکے ساتھ آئین کی کافی شقیں جسمیں تبدیلی تجویز کی گئی تھی اسکو بھی کثرت رائے سے منظور کیا۔

کیونکہ آئین میں تبدیلی کے لئے ممبران کی دو تہائی کثرت رائے کی ضرورت ہے لہٰزا تجویز دی گئی کہ ایسوسی ایشن آئین میں تبدیلیوں کو دوبارہ ڈرافٹ کرکے سرکولیشن کے ذریعے منظور کروائے گی۔

ایسوسی ایشن نے ممبران کو ڈیفالٹر لسٹ اسکرین پر دکھائی جس پر کچھ ڈیفالٹر ممبران نے تحفظات کا اظہار کیا جو غیر تسلی بخش تھا، جس پر شیخ عبدالقدوس صاحب نے ممبران کو مخاطب کیا کہ یہ ہر مکین کی ذمہ داری ہے کہ وہ ماہانہ چارجز باقاعدگی سے ادا کریں اور ڈیفالٹ کی کوئی وجہ نہیں بنتی ہے کیونکہ یہ پیسے وہ ایسوسی ایشن کو نہیں بلکہ سوسائیٹی کو دیتے ہیں۔ ان کاکہنا تھا کہ جو لوگ باقاعدگی سے پیسے دیتے ہیں وہ کیوں ڈیفالٹر کا بوجھ اُٹھائیں۔

جنرل سیکرٹری نے ممبران کو 2021-22 کی ایسوسی ایشن کی آڈٹ رپورٹ اسکرین پر دکھائی۔

جنرل سیکرٹری نے ممبران کو اسکرین پر ان مکینوں کی فہرست دکھایٔ جنکے پچھلے بقایاجات معاف کیے گئے اور جنرل باڈی سے انکی منظوری لی۔ یہ سہولت صرف ایک دفعہ کے لئے تھی اور یہ بقایاجات انکے تھے جو ممبر انتقال فرما گئے اور انکے لواحقین پچھلے بقایاجات دینے سے قاصر ہیں، جو ممبر بغیر بقایاجات ادا کئے محلے سے شفٹ ہوگئے ہیں اور وصولی ناممکن ہے، یا وہ ممبران جو پچھلے کئی سالوں سے باقاعدگی سے ادائیگی کررہے ہیں مگر پچھلے بقایاجات دینے کی صلاحیت نہیں رکھتے ہیں۔
ایک طویل میٹنگ رات ایک بجے اختتام پزیر ہوئی جسکے بعد ممبران کی تواضع گرما گرم حلیم و چائے سے کی گئی۔

منجانب:
یونس محی الدین - جنرل سیکرٹری

KDA OVERSEAS BUNGALOWS
"H" Park, Block 16-A,
Gulistan-e-Johar, Karachi.

Landline: 021-37244
Email: opbrwa@yahoo.c
Website: opbrwa.c

Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

سرکلر نمبر 130

23 اگست 2023

# خاص جنرل باڈی اجلاس برائے تبدیلی آئین کی منظوری

مورخہ 06 اگست 2023 بروز اتوار بوقت 09:30 بجے بمقام H-پارک و اسپورٹس گراؤنڈ میں خاص جنرل باڈی اجلاس منعقد کیا گیا جس میں 131 ممبران نے شرکت کی اور آئین میں کچھ شقوں پر سیر حاصل بحث و مباحثہ کے بعد طے پایا کہ آئین میں تبدیلی کے لئے ممبران کی دو تہائی کی منظوری لازمی ہے لہذا ایسوسی ایشن نے آئین کی شقوں میں تجویز کردہ تبدیلی کو دوبارہ ڈرافٹ کر کے ممبران سے سرکولیشن کے ذریعے منظوری لینا شروع کردی ہے اور بیشتر مکین ممبران نے اپنی رائے کا اظہار کر دیا ہے۔

ہماری گزارش ہے کہ جن مکین ممبران نے ابتک اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا ہے اور فارم ایسوسی ایشن کو واپس نہیں کئے ہیں وہ 31 اگست 2023 تک اپنی رائے کا اظہار و منظوری فارم پر دستخط کر کے کردیں۔

ایسوسی ایشن نے تمام مکین ممبران کے گھر تک فارم پہنچا دیے ہیں، جن ممبران کو فارم نہیں ملے یا ان سے کھو گئے ہیں وہ ایسوسی ایشن آفس سے فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

مندرجہ بالا تاریخ کے بعد آنے والے فارم اس ایکٹیوٹی کا حصہ نہیں ہونگے۔

شکریہ

یونس محی الدین
جنرل سیکرٹری